# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 28th November, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**2.** **SARDAR NABIL AHMED GABOL** **JAM ABDUL KARIM BIJAR**
**MIRZA IKHTIAR BAIG** **MS. SHAHIDA REHMANI** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding unlawful issuance of Computerized National Identity Cards to Bengali nationals in Karachi by the NADRA, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILLS**

**3.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to introduce a Bill to amend the Inter-Boards Coordination Commission Act, 2023 [The Inter-Boards Coordination Commission (Amendment) Bill, 2025].

**4.** **MR. AHSAN IQBAL CHAUDHARY,** Minister for Planning, Development and Special Initiatives**,** to introduce a Bill further to amend the General Statistics (Reorganization) Act, 2011 [The General Statistics (Reorganization) (Amendment) Bill, 2025].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**5.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Federal Prosecution Service Act, 2023 [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**6.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Federal Prosecution Service Act, 2023 [The Federal Prosecution Service (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**7.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**8.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**MOTION OF THANKS**

**9.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**10.** **MS. SHAHIDA BEGUM** **MR. NOOR ALAM KHAN**
**MS. ALIYA KAMRAN** **MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding continuous terrorist attacks in Khyber Pakhtunkhwa resulting in alarming security situation, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**27th November, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۲۸ نومبر، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **سردار نبیل احمد گبول** **جام عبدالکریم بجار** **مرزا اختیار بیگ**

**محترمہ شاہدہ رحمانی** وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو نادرا کی جانب سے کراچی میں بنگالی شہریوں کو کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کے غیر قانونی اجراء سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۴۔ **جناب احسن اقبال چوہدری**، وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، عمومی شماریات (تنظیم نو) ایکٹ، ۲۰۱۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [عمومی شماریات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۵۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل پراسیکیوشن سروس ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل پراسیکیوشن سروس (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل پراسیکیوشن سروس ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل پراسیکیوشن سروس (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۷۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۸۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک تشکر

۹۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:-

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۰۔ **محترمہ شاہدہ بیگم** **جناب نور عالم خان** **محترمہ عالیہ کامران** **جناب محمد عثمان بدینی**

وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو خیبر پختونخوا میں ہونے والے دہشت گردی کے مسلسل حملوں کے نتیجے میں سیکیورٹی کی تشویشناک صورتحال سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۲۷ نومبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**